328

# نوحہ

رسولؐ جانے بتولؑ جانے
سنائے کیسے بتائے کیسے
حسینؑ کا مرتبہ زمانہ

حسینؑ انوارِ مصطفیٰؐ ہے، حسینؑ زہراؑ کا لاڈلہ ہے
حسین سے ہیں رسولِ اکرمؐ، یہ خود پیمبرؐ نے کہہ دیا ہے
کہاں ہے کوئی حسینؑ جیسا

اذان کی جستجو یہی ہے، نماز کی آبرو یہی ہے
کلامِ ربِ اولیٰ کے لب پر، سنو سنو گفتگو یہی ہے
حسینؑ کا صبر اور سجدہ

حسینؑ قاری حسینؑ قرآں، رسولؐ کا دل بتولؑ کی جاں
علیؑ کی خوشبو حسینؑ میں ہے، حسینؑ محسن حسینؑ احساں
حسین سے کیا ہے رب کا رشتہ

حسینؑ بنیادِ لا الہ ہے، پناہِ دیں اور بادشاہ ہے
یزیدیت کی فنا یہی ہے، یہی خدا کا بھی فیصلہ ہے
حسینؑ کا رب سے کیا تھا وعدہ

حسینؑ ساجد حسینؑ سجدہ، حسینؑ مقصد حسینؑ مولا
نگاہِ قدرت یہ کہہ رہی ہے ، حسینؑ قبلہ حسینؑ کعبہ
حسینؑ رکھتا ہے کیا اِرادہ

رہے گی ریحانؔ نوحہ خوانی، جہاں میں رضوان کی زبانی
یہ نوکری بھی حسینؑ کی ہے، یہ نوکری ہوگی غیر فانی
صلہ ملے گا جو ہم کو اِس کا